جمعہ کی نماز مکروہ تحریمی ہو تو کیا حکم ہے؟

مجیب: محمد عرفان مدنی عطاری

فتوی نمبر: WAT-1335

تاریخ اجراء: 12 جمادی الاخریٰ 1444 ھ/05 جنوری 2023 ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

جمعہ کی نماز اگر واجب الاعادہ ہو، تو امام و مقتدی جماعت کے ساتھ دو رکعت کا اعادہ کر سکتے ہیں؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اگر جمعہ کی نماز میں کسی کراہت تحریمی کا ارتکاب ہو جائے کہ جس کی وجہ سے نماز مکروہ تحریمی ہوتی ہے، تو ایسی صورت میں، اعادہ تو کرنا لازم ہو گا کہ نماز ناقص ہوئی، اور نقصان پورا کرنے کے لیے اعادہ کرنا ہوتا ہے، لیکن اس کے اعادے کی درج ذیل دو صورتیں ہیں:

(1) اگر امام و مقتدی سب مل کر وقت جمعہ میں جماعت کی صورت میں اعادہ کریں تو تب تو دو رکعات نماز جمعہ کا ہی اعادہ ہو گا۔

(2) اور اگر جماعت کی صورت میں اعادہ نہ ہو یا وقت ختم ہو چکا، اس کے بعد اعادہ کیا جائے تو ایسی صورت میں چار رکعات نماز ظہر کا اعادہ ہو گا۔ کیونکہ جمعہ نہ تو مخصوص جماعت کے بغیر ہوتا ہے اور نہ وقت ظہر کے علاوہ میں ہوتا ہے۔

درمختار میں ہے" کل صلاۃ أدیت مع کراھۃ التحریم تجب إعادتھا" ترجمہ: ہر وہ نماز جو کراہت تحریمی سے ادا کی گئی اس کا اعادہ واجب ہے۔

اس کے تحت حاشیہ حلبی علی الدر میں ہے" یستثنی منہ الجمعۃ والعید اذا ادیت مع کراھۃ التحریم الا اعادھا الامام والقوم جمیعا" ترجمہ: اس قاعدے سے جمعہ و عید مستثنی ہے کہ جب انہیں کراہت تحریمیہ کے ساتھ ادا کیا جائے (تو ان کا اعادہ واجب نہیں) مگر جب امام و مقتدی سب اعادہ کریں۔ (حاشیۃ حلبی علی الدر، ص 94، مخطوطہ)

فتاوی رضویہ میں سوال ہوا"امام جمعہ کی نماز میں دوسری رکعت میں بعد فاتحہ کے ﴿واذکر فی الکتٰب موسٰی﴾ سے ﴿ووھبنالہ﴾ تک کہ تین آیات قصار ہو گئیں پڑھ کر بند ہو گیا کسی قدر تامل کر کے پھر دوبارہ واذکر سے ووھبنالہ تک پڑھا پھر سہ بارہ یہی تک پڑھ کر کچھ تامل کیا جب آگے نہ چلا رکوع کر دیا، اس صورت میں امام پر سجدہ سہوہ آیا یا نہیں؟ اگر آیا اور نہ کیا تو فاسد ہوئی یا کیسی؟"

اس کے جواب میں فرمایا: "اگر ایک بار بھی بقدر ادائے رکن مع سنت یعنی تین بار سبحان اللہ کہنے کی مقدار تک تامل کیا سجدہ سہو واجب ہوا۔۔۔ اگر نہ کیا نماز مکروہ تحریمی ہوئی جس کا اعادہ واجب۔۔۔ جہاں جمعہ بھی جماعت عظیم سے نہ ہوتا ہو بلاشبہ سجدہ کرے، اگر نہ کیا اعادہ کرے، اگر وقت نکل گیا ظہر پڑھ لیں۔" (فتاوی رضویہ، ج08، ص178-179، رضا فاونڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net